Department of Education
Chancellor Meisha Porter

13 ستمبر، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

تعلیمی سال 2021-2022 میں خوش آمدید—ہماری طویل انتظار کردہ ہوم کمنگ!

میں ہماری کُل وقتی، خود موجودگی میں (اِن پرسن) تعلیم میں تاریخی واپسی پر بے انتہا پُرجوش ہوں— ہماری زندگیوں کے انتہائی مسابقت طلب 18 ماہ کے بعد۔ اس سال، اسکول کا پہلا دن میرے لیے بہت کچھ معنی رکھتا ہے۔ نہ صرف اس لیے کہ میں آپکی چانسلر ہوں، بلکہ کیونکہ میں نیویارک شہر پبلک ہائی اسکول کے ایک طالب علم کی ماں بھی ہوں جو کلاس روم میں مکمل وقت کے لیے جانے پر بے تحاشا خوش ہے۔

میری بیٹی کا تجربہ ایک زندہ، جیتی جاگتی سند ہے اس بات کی جو میں نے 20 سال سے زیادہ بطور ایک معلم کے سیکھی ہے: ایک بچے اور استاد کے مابین کلاس روم میں تجربے کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔ اسی لیے اپنے تمام بچوں کو محفوظ، معاونتی، کڑے اسکول ماحول میں خوش آمدید کرنا ایک خواب کے سچ ہوجانے جیسا محسوس ہوتا ہے۔ اسکول کا پہلا دن ہماری اسکول برادریوں کے لیے ایک سچی ہوم کمنگ ہے۔

میں جانتی ہوں کہ COVID-19 اور ڈیلٹا ویرئنٹ ہم سب کے ذہنوں پر ہے، اور میں یہ واضح کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے بچوں، خاندانوں اور اسکول عملے کی صحت اور حفاظت ہماری اونچی ترین ترجیح ہے۔ پچھلے کئی مہینوں سے، ہم نے اسکولی قائدین، عوامی صحت ماہرین، یونین شراکت دارین کے ساتھ صحت اور حفاظت کے طریقِ کار تیار کرنے کے لیے کام کیا ہے جو سائنسی طور پر ثابت شدہ انسداد کی حکمت عملیوں کی متعدد سطوح فراہم کرتے ہیں۔

ہم اپنے اسکولوں میں جگہوں کی صفائی اور جراثیم کُشی، ہماری عمارتوں میں معائنہ اور ہواداری کی سرٹیفیکیشن، اور عملے اور طلبا کی COVID-19 کی باقاعدہ بلاترتیب ٹیسٹنگ میں مراکز برائے بچاو اور انسداد بیماری (CDC) کے رہنما خطوط کی تکمیل یا تجاوز کررہے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ماسک بیماری کے پھیلاو میں کمی کرتے ہیں، اور ہم تمام طلبا اور عملے سے اسکول بسوں میں سفر کرتے وقت اور اسکول کی املاک پر اندر اور باہر چہرے کا ماسک پہننے کا مطالبہ کررہے ہیں۔ یہ ویکسینیشن کی صورتِ حال سے قطع نظر ہے تاوقتیکہ طلبا کا کوئی طبی استثنا ہے۔

اہم ترین قدم جو آپ اپنے آپکو اور اپنے خاندان کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے لے سکتے ہیں وہ ویکسین لگوانا ہے۔ نیو یارک میں رہنے والے افراد جنکی عمر 12 سال اور زیادہ ہے ایک COVID-19 ویکسین مفت لگوا سکتے ہیں۔ نیو یارک شہر ٹسٹ اینڈ ٹریس کارپس اور نیویارک شہر محکمئہ صحت اور دماغی صحت کی شراکت میں، تمام اسکول مقامات جو 12 سال یا زیادہ عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں Pfizer-BioNTech ویکسینیشن اہل نیو یارک شہریوں کو اسکول کے پہلے ہفتے میں (بمع دوسری خوراک اکتوبر کے شروع میں فراہم کرنے کے) پیش کررہے ہیں۔ کوئی وقتِ ملاقات طے کرنا درکار نہیں ہے، اور آپ سائٹ کے اوقات کے بارے میں اپنے اسکول سے مزید جان سکتے ہیں یا schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

آپ اس بارے میں مزید جدید ترین معلومات کہ ہم طلبا اور عملے کو تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران صحتمند اور محفوظ رکھنے کے لیے کس طرح کام کررہے ہیں، محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ schools.nyc.gov/homecoming پر دیکھ سکتے ہیں۔

میں امید کرتی ہوں کہ آپ بھی اسکول کے پہلے دن کے لیے اتنے ہی پُرجوش ہیں جتنی کہ میں ہوں۔ آپ یقین رکھیں کہ میں تمام ہفتے کے دوران کلاس رومز کا دورہ کرونگی، اپنے طلبا، خاندانوں اور معلمین کو خوش آمدید کرنے کے لیے اور اس سب کام کا جشن منانے کے لیے جو ہم نے اس مقام پر پہنچنے کے لیے کیے ہیں۔

ہمیشہ کی مانند، آپ کا ساتھ میرے لیے باعثِ اعزاز ہے جب ہم ایک انتہائی اہم اسکول کے پہلے دن کی پذیرائی کریں گے۔ اپنے بچوں کے لیے ہم پر اعتماد کرنے کے لیے آپکا شکریہ۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر